## سوال

(328)عسائیوں سے تعلقات قائم کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جہاں ہم کام کرتے ہیں وہاں بعض عرب عیسائی بھی کام کرتے ہیں۔ کبھی کبھار وہ ہمیں ملاقات کی دعوت دیتے ہیں۔ تو کیا ہم ان سے ملاقات کے لئے جاسکتے ہی؟ اور کیا ہم انہی اپنے ہاں آنے کی دعوت دے سکتے ہی؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر آپ ان کے گھر ان سے ملنے کے لئے اس مقصد سے جاتے ہیں 'یا انہیں اپنے ہاں آنے کی دعوت اس مقصد سے دیتے ہیں کہ انہیں اسلام کی دعوت دے سکیں اور ان کو نصیت کر سکیں تو اسلام کی طرف بلانا ایک عظیم مقصد ہے۔ انہیں دعوت دینا یا ان کے مقام پر انہیں ملنے جانا اس عظیم مقصد کے حصول کا ایک ذریعہ ہے اور ذرائع کا حکم وہی ہوتا ہے جو مقاصد کا ہوتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

# فتاویٰ دارالسلام

## ج1

## محدث فتویٰ